28 جنوری 2015ء

اسٹیٹ بینک کی مائیکروفنانس کریڈٹ گارنٹی فیسیلیٹی کی ہدایات میں ترامیم

بینک دولت پاکستان نے مائیکروفنانس کریڈٹ گارنٹی فیسیلیٹی کی ہدایات پر نظر ثانی کی ہے جن میں کمرشل بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کو چھوٹے مائیکروفنانس بینکوں/مائیکروفنانس اداروں کو قرض دینے کے لیے 60 فیصد تک رسک کوریج کی پیشکش کی گئی ہے۔ توقع ہے کہ اس سہولت سے چھوٹے مائیکروفنانس بینک/مائیکروفنانس ادارے کمرشل بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں سے قرض حاصل کرکے مائیکروفنانس کلائنٹس کو دے سکیں گے۔

یاد رہے کہ مائیکروفنانس کریڈٹ گارنٹی فیسیلیٹی، مائیکروفنانس اداروں کے لیے مارکیٹ پر مبنی اور طویل مدتی مالکاری (financing) ہے۔ مائیکروفنانس کریڈٹ گارنٹی فیسیلیٹی کا آغاز اسٹیٹ بینک نے دسمبر 2008ء میں برطانیہ کے محکمہ برائے بین الاقوامی ترقی کی جانب سے 15 ملین پونڈ کے مالی تعاون سے کیا تھا۔ یہ مالی شمولیت پروگرام کا حصہ ہے جس پر عملدرآمد اسٹیٹ بینک کرا رہا ہے۔

اس سہولت میں توجہ منڈی کی ترقی پر مرکوز کی گئی ہے اور پاکستان میں مائیکروفنانس شعبے میں فنڈنگ کی مشکلات کو حل کرنے میں اس نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ اب تک 6 بڑے ایم ایف بیز/ایم ایف آئز، کمرشل بینکوں اور سرمایہ منڈیوں/خردہ سرمایہ کاروں کے ساتھ 38 ٹرانزیکشنز مکمل کرچکے ہیں جن سے تقریباً 650,000 چھوٹے قرض داروں کو قرض دینے کے لیے 12.825 ارب روپے جمع کیے جاچکے ہیں۔ اس سے مائیکروفنانس شعبے کے حوالے سے بینکوں میں خطرے کا تصور کم کرنے میں خاصی مدد ملی ہے اور غریب قرض داروں کو مرکزی دھارے کے مالی اداروں سے متعارف کرایا گیا ہے۔

مائیکروفنانس کریڈٹ گارنٹی فیسیلیٹی پر نظر ثانی شدہ ہدایات اسٹیٹ بینک نے اے سی اینڈ ایم ایف ڈی کے سرکلر نمبر 1 بتاریخ 28 جنوری 2015ء کے ذریعے جاری کی ہیں۔ اس ضمن میں قبل ازیں جاری کردہ تمام ہدایات/رہنما خطوط پر اس سرکلر کو فوقیت دی جائے گی۔

☆☆☆